# نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21-ڈیوس روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729,  E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

## پریس ریلیز

**وزیرزراعت ولائیوسٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی کی زراعت ہاؤس لاہور میں منعقدہ مفاہمتی یاداشت(MoU) کی تقریب میں بطور مہمان خصوصی شرکت**

**مفاہمتی یاداشت کی رو سے محکمہ زراعت پنجاب اور بیٹر کاٹن انیشیٹو (Better Cotton Initiatives) کپاس کی پیداوار اور فروغ کیلئے مل کر اقدامات کریں گے جبکہ فیس (Food Security & Agriculture Center of Excellence) اور باخبر کسان کپاس کے کاشتکاروں کو ڈیجیٹل پورٹل کے ذریعے آگاہی فراہم کریں گے۔**

**محکمہ زراعت پنجاب اور بیٹر کاٹن انیشیٹو (BCI) باہمی تعاون سے کپاس کی پیداوار میں اضافہ کیلئے اقدامات کریں گے جس سے کاشتکاروں کی آمدن میں اضافہ ہوگا۔وزیرزراعت ولائیوسٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی**

لاہور:26 جون 2025: وزیرزراعت ولائیوسٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی نے زراعت ہاؤس لاہور میں منعقدہ مفاہمتی یاداشت کی تقریب میں بطور مہمانِ خصوصی شرکت کی۔تقریب میں سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو بھی موجود تھے۔

اس موقع پر صوبائی وزیرزراعت نے کہا کہ یہ مفاہمتی یاداشت کپاس کے فروغ اور پیداوار میں اضافہ کیلئے ایک اہم سنگ میل ثابت ہوگا۔اس مفاہمتی یاداشت کی رو سے محکمہ زراعت پنجاب اور بیٹر کاٹن انیشیٹو (BCI) پرائیویٹ سیکٹر سے مل کر کپاس کی پیداوار میں اضافہ کیلئے کپاس کے ڈیمو پلاٹس، پیسٹی سائیڈ کا مناسب استعمال، فارمر ٹریننگ اور پانی کے باکفایت استعمال سے بہتر پیداوار کو یقینی بنایا جائے گا جو مکمل طور پر قابلِ سراغ ہو۔ان اقدامات سے کپاس کی ویلیو چین میں بہتری آئے گی اور بین الاقوامی مارکیٹ میں ہماری پھٹی کی مانگ میں اضافہ ہوگا۔اس معاہدہ کی رو سے باخبر کسان اور فیس (مثالی مرکز برائے زرعی ترقی وتحفظِ خوراک) مل کر آرٹیفیشل انٹیلی جنس کی مدد سے ایک موبائل ایپ متعارف کرائیں گے جس سے 5 لاکھ کسان کارڈ ہولڈرز کاشتکاروں کو کپاس سے متعلق پیسٹ الرٹس، موسم سے آگاہی فراہم کی جائے گی۔یہ جدید پورٹل کپاس کے علاقوں کی رئیل ٹائم مانیٹرنگ اور تجزیہ بھی فراہم کرے گا۔اس کے علاوہ کپاس کی زیادہ وکم پیداوار کے علاقوں کی بھی اس سے پورٹل سے نشاندہی کی جا سکے گی۔وزیرزراعت پنجاب نے مزید کہا کہ اگلے مالی سال ایگریکلچر پلاننگ کی جارہی ہے جو پبلک و پرائیویٹ سیکٹر کو اہم فصلوں کی پیداوار میں اضافہ اور کسانوں کی بہتری کیلئے ٹیکنیکل وفنانشل سپورٹ فراہم کرے گی۔اس پائلٹ پراجیکٹ کا اطلاق بعدازاں اگلے سال گندم اور دوسری اہم فصلوں پر بھی ہوگا۔

اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے کہا کہ محکمہ زراعت پنجاب پرائیویٹ سیکٹر کو سپورٹ فراہم کرے گا تاکہ کپاس کی فصل کو درپیش چیلنجز سے نمٹا جا سکے۔کپاس کی پیداوار میں اضافہ کیلئے جدید ٹیکنالوجی کا استعمال وقت کا اہم تقاضا ہے جس کیلئے تمام اسٹیک ہولڈرز کو مل کر کام کرنا ہوگا۔

تقریب میں ایڈیشنل سیکرٹری زراعت ٹاسک فورس پنجاب محمد شبیر احمد خان، ڈائریکٹر جنرلز چوہدری عبدالحمید، نوید عصمت کاہلوں اور کنسلٹنٹ محکمہ زراعت پنجاب ڈاکٹر محمد انجم علی، کنٹری ڈائریکٹر بی سی آئی حنا فوزیہ، چیف ایگزیکٹو باخبر کسان خضر عالم سمیت دیگر افسران نے شرکت کی۔ڈائریکٹر جنرل زراعت (توسیع) پنجاب چوہدری عبدالحمید جبکہ بیٹر کاٹن انیشیٹو کی طرف سے ڈاکٹر محمد قدیر نے مفاہمتی یاداشت پر دستخط کیئے۔سروس ایگریمنٹ کے تحت فیس کی جانب سے حسن اکرم اور باخبر کسان کی طرف سے جدت ایاز نے دستخط کیئے۔

☆☆☆☆